# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**
**Date : 28 August 2026**
**Time : 12:30 PM**

**آداب**

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔ خبروں کا بلیٹن لیکر میں اعجازہ اختر

ایل جی

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے یقین دہانی کرائی ہے کہ کشتواڑ ضلعے کے چھاترو علاقے میں پیش آئے دلدوز واقعے کی کرائم برانچ کے ذریعے تحقیقات کرئی جائے گی جس میں ایک معصوم طالبہ جاں بحق ہوگئی تھی۔ ان باتوں کا اظہار ایل جی سینئر کانگریس لیڈر جی ایم سروری سے ٹیلی فون پر بات چیت کے دوران کیا۔

جی ایم سروری نے ایل جی کو اس واقعہ کی نسبت جانکاری دیتے ہوئے متاثرہ کنبے اور مقامی لوگوں میں پائے جارہے غم وغصے کے بارے میں بتایا۔ ایل جی نے کہا کہ اس معاملے کی صاف وشفاف تحقیقات کیلئے ضروری اقدام کئے جارہے ہیں۔

وزیراعلیٰ

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ سبھی شہریوں کو طبی نگہداشت کی معیاری خدمات فراہم کرنا ان کی ذمہ داری ہے۔ **SKICC** سرینگر میں کواٹرنری ہیلتھ کیئر اینڈ ریسرچ سمٹ کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے جموں کشمیر میں چوتھے درجے کے طبی نظام کے نظریے کو حاصل کرنے کیلئے بنیادی سطح کے صحت شعبے کو مضبوط کرنے پر زور دیا۔

انہوں نے کہا کہ پرائمری اور ثانوی سطح کا فعال طبی نظام تیسرے درجے کے صحت اداروں پر لوڈ کم کرنے میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے۔ اس تین روزہ میڈیکل کانفرنس کا اہتمام سکمز صورہ نے نیتی آیوگ کی زیر

نگرانی ایمز نئی دلی اور **PGIMER** چندی گڑھ، ایمز جموں اور ایمز اونتی پورہ کے باہمی اشتراک سے **25** سے **27** اگست تک کیا تھا۔

پولیس تبادلہ

جموں کشمیر پولیس میں **14** سینئر افسروں کا تبادلہ عمل میں لایا گیا ہے۔ محکمہ داخلہ کی طرف سے جاری کئے گئے ایک حکمنامے کے مطابق سینئر آئی پی ایس آفیسر سجیت کمار کشمیر زون کے نئے آئی جی پی مقرر کئے گئے ہیں جنہوں نے کل ہی اپنی نئی ذمہ داری سبھال لی۔ ایک اور سینئر آئی پی ایس آفیسر تیجندر سنگھ جموں زون کے نئے آئی جی پی ہونگے۔

میلاد

عید میلاد النبی ﷺ کے بعد کے جمعہ کی مناسبت سے آج مساجد اور خانقاہوں میں سیرتی مجالس کا اہتمام ہے۔ نماز جمعہ سے قبل آج ائمہ حضرات اور خطیب ولادت باسعادت اور سیرت النبی ﷺ کے کئی گوشوں کو بیان کر رہے ہیں۔

وادی میں نماز جمعہ کا سب سے بڑا اجتماع آثار شریف درگاہ حضرت بل میں منعقد ہونے توقع ہے، جہاں ہر نماز کے بعد موئے مقدس آنحضور ﷺ کی زیارت کرائی جارہی ہے۔ انتظامیہ کی طرف سے عقیدتمندوں کیلئے درگاہ پہنچنے کیلئے ٹرانسپورٹ کے معقول بندوبست کئے گئے ہیں۔

وادی کشمیر کے دیگر سبھی اضلاع میں بھی میلاد النبی ﷺ کی اختتامی تقریب کے سلسلے میں روح پرور مجالس منعقد ہو رہی ہیں۔

رکھشا بندھن

آج رکھشا بندھن ہے۔ یہ تہوار بہن بھائیوں کے درمیان خصوصی اور قریبی رشتے کا عکاس ہے جس دوران

بہنیں اپنے بھائیوں کی کلائی پر راکھی باندھ کر ان کی خوشحالی، ترقی اور صحت وسلامتی کیلئے دعا کرتی ہیں۔ بھائی اپنی بہنوں کو تحائف پیش کر کے ان کی حفاظت اور حمایت کیلئے ہمیشہ ساتھ رہنے کا عہد دہراتے ہیں۔

-------Music---------

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے رکھشا بندھن کے موقعے پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔ مبارکبادی کے اپنے الگ الگ پیغامات میں انہوں نے تمنا ظاہر کی ہے کہ یہ تہوار تمام طبقوں کے مابین آپسی بھائی چارے اور امن واخوت کا پیغام لیکر آئے۔

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ، کابینہ وزیر ستیش شرما، جنتا دل یونائیٹڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین اور دیگر کئی اہم شخصیات نے بھی رکھشا بندھن کے موقعے پر ہندو برادری کو مبارکباد دی ہے۔

اس تہوار کے موقعے پر وادی کی پنڈت برادری میں خاصا جوش وخروش دیکھا جا رہا ہے۔

یاترا

رکھشا بندھن کے موقعے پر ہی آج سالانہ شری امرناتھ یاترا بھی رسمی طور پر اختتام پذیر ہو رہی ہے۔ اس سال **3** جولائی کو شروع ہوئی اس یاترا کے دوران **4** لاکھ **80** ہزار سے زیادہ شردھالوؤں نے پوتر گھپا میں حاضری دی۔

گو کہ موسم خراب ہونے کے بعد یاترا کو معطل کیا گیا تھا، تاہم چھڑی مبارک کو روایت کے مطابق آج امرناتھ گپھا پہنچایا جا رہا ہے، جہاں خصوصی پرارتھنا سبھا کا اہتمام ہے۔

مجموعی طور پر اس سال کی امرناتھ یاترا انتہایت پُر امن اور خوشگوار ماحول میں اپنے اختتام پہنچ گئی۔ یاترا کے احسن انعقاد کیلئے انتظامیہ، متعلقہ محکموں اور مقامی لوگوں کا بھرپور تعاون رہا۔

فلم فیسٹول

محکمہ اطلاعات نے جموں کشمیر میں اگلے مہینے منعقد ہونے والے اپنی نوعیت کے پہلے انٹرنیشنل فلم فیسٹول میں باصلاحیت فنکاروں کی حوصلہ افزائی کیلئے **9** زمروں میں نقد انعامات دئے جانے کا اعلان کیا ہے۔ اس کی رو سے بہترین فلم کو **25** لاکھ روپے // بہترین ہدایت کاری کیلئے **15** لاکھ روپے // اور جموں کشمیر میں تیار کی گئی بہترین فلم کیلئے **10** لاکھ روپے کا نقد انعام رکھا گیا ہے۔

اسی طرح سے مرد اور خواتین کے زمروں میں بہترین اداکاری کیلئے 8 آٹھ لاکھ روپے نقد انعام دئے جائیں گے۔اسی دوران اس فلم فیسٹول کیلئے 5 رکنی جیوری کا بھی اعلان کیا گیا ہے۔

واضح رہے کہ یہ فیسٹول 7 سے 10 ستمبر تک سرینگر، جموں اور گلمرگ میں منعقد کیا جائے گا۔دریں اثنا چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے اس بین الاقوامی سطح کے فلم فیسٹول کیلئے کئے جارہے انتظامات کا جائزہ لیا۔موصوف کو جانکاری دی گئی کہ محکمہ اطلاعات فیسٹول کے احسن انعقاد کیلئے پوری طرح سے تیار ہے۔فیسٹول میں 41 ممالک کی شرکت کے ساتھ مجموعی طور پر 135 فلمیں سکرین کی جائیں گی۔

من کی بات

وزیر اعظم نریندر مودی 30 اگست اتوار کو من کی بات کے اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام میں مختلف موضوعات پر اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

یہ اس پروگرام کا 137 واں شمارہ ہوگا۔صبح 11 بجے آکاشوانی اور دوردرشن کے پورے نیٹ ورک پر نشر ہونے کے بعد فوراً بعد اس پروگرام کا علاقائی ترجمہ بھی پیش کیا جائے گا۔

closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ